© rasailojaraid.com



# مباحثِ 'نہی' فقہاء ومتکلمین کی کتبِ اصول میں

ـــــــــــــــــــ جناب انوار حسین

**'نہی' کا لغوی واصطلاحی مفہوم**

لغت میں 'نہی' کے معنیٰ منع کرنے اور روکنے کے ہیں۔ اصول فقہ میں 'نہی' خاص کی اقسام میں سے ہے۔ علامہ عبدالعزیز بخاریؒ نے نہی کی تعریف یوں بیان کی ہے:

**النھی فی اللغۃ المنع و منہ النھیۃ للعقل، لانہ مانع عن القبیح۔** ۱؎

لغت میں نہی کے معنی روکنے کے ہیں۔ اسی سے عقل کو 'النھیۃ' کہا جاتا ہے، اس لیے کہ وہ قبیحات سے روکتی ہے۔

انھوں نے 'نہی' کی بعض دوسری تعریفات بھی نقل کی ہیں۔ مثلاً فرماتے ہیں:

**ھو استدعاء ترک الفعل بالقول ممن ھو دونہ، وقیل ھو قول القائل لغیرہ لا تفعل علی جھۃ الاستعلاء، وقیل ھو اقتضاء کف عن فعل علی جھۃ الاستعلاء۔** ۲؎

بذریعہ قول کسی سے ترکِ فعل کی استدعا کرنا 'نہی' کہلاتا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ علی سبیل الاستعلاء قائل کا اپنے غیر سے 'لا تفعل' کہنا نہی ہے، جب کہ دوسرے قول کے مطابق علی سبیل الاستعلاء فعل سے باز رہنے کا مطالبہ کرنا نہی کہلاتا ہے۔

علامہ سرخسیؒ نے نہی کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:

**النھی لطلب مقتضی الامتناع عن الایجاد علی أبلغ الوجوہ مع بقاء اختیار للمخاطب فیہ و ذلک بوجوب الانتھاء۔** ۳؎



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بہترین انداز میں کسی کام کو کرنے سے روکنے کا مطالبہ کرنا 'نہی'
کہلاتا ہے، باوجود اس کے کہ مخاطب کے لیے اس کام کے کرنے کا
اختیار باقی ہو اور یہ نہی ترکِ فعل کے لزوم کو ثابت کرتی ہے۔

علماء اصول کی اصطلاح میں نہی کے معنیٰ اپنے آپ کو بڑا سمجھ کر دوسرے کو 'لا تفعل' کہنا ہے۔ 'لا تفعل' سے واحد مذکر حاضر کا صیغہ مراد نہیں ہے، بلکہ ہر وہ صیغہ مراد ہے جو 'کف' پر دلالت کرے۔ صیغۂ امر کی طرح صیغۂ نہی بھی خاص ہے، کیوں کہ صیغۂ نہی ایسا لفظ ہے جو معنیٰ معلوم یعنی تحریم کے لیے وضع کیا گیا ہو۔

امام قرافیؒ نہی کی تعریف ان الفاظ کے ساتھ کرتے ہیں:

**هو اللفظ الموضوع لطلب الترک طلباً جازماً۔**[۴]

وہ لفظ جو لازمی طور پر ترک کا مطالبہ کرنے کے لیے وضع کیا گیا ہو۔

امام غزالیؒ نے نہی کی تعریف ان الفاظ میں بیان کی ہے:

**النهي هو القول المقتضي ترک الفعل۔**[۵]

نہی وہ قول ہے جو فعل کو ترک کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔

پس امر کی طرح نہی بھی خاص ہے، کیوں کہ صیغۂ نہی معنیٰ معلوم کے لیے وضع کیا جاتا ہے۔ اپنے کو بڑا سمجھتے ہوئے غیر کو 'لا تفعل' کہنا نہی کے زمرہ میں شامل ہے۔

## طلبِ کف پر دلالت کے صیغے

طلبِ کف، یعنی عدم مطالبۂ فعل کے صیغہ کی کئی شکلیں ہیں:

فعل نہی ہو۔ زیادہ تر یہی صیغہ استعمال ہوتا ہے، جیسے:

**وَلَا تَأْكُلُوٓا أَمْوَالَكُم □ نَكُم بِالْبَاطِلِ** (البقرة: ۱۸۸)

اور ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ۔

امر کا صیغہ، جو طلبِ کف پر دلالت کرے، جیسے:

**فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ۔** (الحج: ۵۷)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تو بتوں کی پلیدی سے بچو اور جھوٹی بات سے اجتناب کرو۔

نہی کا مادہ استعمال کیا گیا ہو، اگرچہ فعل نہی کا صیغہ نہ ہو:

**وَيَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَالْبَغْي۔** (النحل:۹۰)

اور بے حیائی اور نامعقول کاموں اور سرکشی سے منع کرتا ہے۔

جملہ خبریہ ہو، لیکن حرمت کا ذکر ہو، یا حلت کی نفی ہو، جیسے:

**حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَأَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخَالٰتُكُمْ وَبَنَاتُ الأَخِ وَبَنَاتُ الأُخْتِ وَأُمَّهٰتُكُمُ اللاَّتِي أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوٰتُكُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهٰتُ نِسَآئِكُم۔** (النسائی ۲۳:)

تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں اور بہنیں اور پھوپھیاں اور خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا اور رضاعی بہنیں اور ساسیں حرام کردی گئی ہیں۔

## فعل نہی کا استعمال

فعل امر کی طرح فعل 'نہی' کا استعمال بھی ایک سے زائد معنوں میں ہوتا ہے۔ مثلاً تحریم کے لیے، نصیحت کے لیے، شفقت کے اظہار کے لیے، کراہت کے لیے اور انجام وغیرہ کے بیان کے لیے۔ کشف الاسرار میں فعل نہی کے استعمال کی وضاحت یوں کی گئی ہے:

**ثم صيغة النهي وان كانت مترددة بين التحريم كقوله تعالى :وَلاَ تَقْرَبُواْ الزِّنَى(الاسراء ۳۲:) والكراهة كقوله تعالى :وَذَرُوا الْبَيْعَ(الجمعۃ ۹:) إذ معناه ولا تبايعوا، والتحقير كقوله تعالى :وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ(طہ ۱۳۱:) الآية، وبيان العاقبة كقوله تعالى:وَلاَ تَحْسَبَنَّ اللّهَ غَافِلاً (ابراہیم ۴۲:) والدعاء كقول الداعي :لا تكلني الى نفسي، والتأسي كقوله تعالى:لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ (التحریم ۷:) والإرشاد كقوله تعالى:لاَ تَسْأَلُواْ عَنْ أَشْيَاءَ (المائدۃ ۱۰۱:)**



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**والشفقة كقوله عليه السلام "لا تتخذوا الدواب كراسي" فهي مجاز في غير التحريم والكراهة بالاتفاق۔٦؎**

نہی کا صیغہ ان معانی متعددہ کا احتمال رکھتا ہے: تحریم کا، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے (زنا کے قریب نہ جاؤ) کراہیت کا، جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے (نماز جمعہ کے وقت خرید وفروخت چھوڑ دو) تحقیر کا، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (دنیاوی شان وشوکت کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھو) انجام کا، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے (اللہ کو غافل نہ سمجھو) دعا کا، جیسا کہ دعا کرنے والا کہتا ہے (مجھے بے یار مددگار نہ چھوڑ) مایوسی، جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے (آج عذر پیش نہ کرو) نصیحت کے لیے، جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے (ایسی چیزوں کے بارے میں نہ پوچھو) شفقت، جیسے اللہ کے رسول ﷺ کا ارشاد ہے (جانوروں کو کرسی نہ بناؤ)۔ نہی کا استعمال تحریم اور کراہت کے علاوہ مجازی معنی میں بھی ہوتا ہے۔

## فعل نہی کا حقیقی استعمال

جمہور فقہاء کے نزدیک 'نہی' کا استعمال تحریم میں حقیقی معنیٰ میں ہوتا ہے۔ بعض کے نزدیک کراہت میں اس کا معنیٰ حقیقی ہوتا ہے۔ بعض کے نزدیک دونوں میں اس کا معنیٰ حقیقی ہے۔ علامہ عبدالعزیز بخاریؒ تحریر کرتے ہیں:

**مقتضى النهي شرعا قبح المنهي عنه، كما ان مقتضى الامر حسن المأمور به،لان الحكيم لاينهي عن فعل الاالقبحه، كما لا يأمر بشيء الا لحسنه، قال تعالى :وَيَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاء وَالْمُنكَرِ وَالْبَغْيِ(النحل:٩٠) فكان القبح من مقتضياته شرعاً لالغةً۔٧؎**

نہی کا اقتضاء منہی عنہ کی شرعی اعتبار سے قباحت ہے، جیسا کہ امر کا مقتضی ماموِر کام کا حسن ہے، کیوں کہ حکیم ذات کسی فعل سے اس کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قباحت کی وجہ سے ہی منع نہیں کرتی ہے۔اسی طرح وہ کسی چیز کا حکم اس کے حسن کی وجہ سے ہی دیتی ہے۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے( وہ فحش باتوں اور غلط کاموں سے روکتا ہے ) گویا جس چیز سے منع کیا جائے اس میں قبح شرعی اعتبار سے ہوگا نہ کہ لغوی اعتبار سے۔

اصول الشاشی ۸؎ اور نور الانوار ۹؎ میں بھی فعل نہی کا حقیقی استعمال تحریم کے لیے ہی ذکر ہوا ہے۔ مالکی فقیہ امام قرافیؒ لکھتے ہیں:

**النهی عندنا للتحریم۔**۱۰؎

نہی ہمارے نزدیک تحریم کے لیے ہے۔

حاصل یہ کہ جمہور فقہاء کے نزدیک ''نہی'' کا استعمال تحریم پر دلالت کے لیے ہوتا ہے۔

## نہی کی اقسام

علماء اصول نے نہی کی دو اقسام ذکر کی ہیں۔مصنف اصول الشاشیؒ لکھتے ہیں:

**النهی نوعان:نهی عن الأفعال الحسیة ، کالزنا وشرب الخمر والکذب والظلم، ونهی عن التصرفات الشرعیة، کالنهی عن الصوم فی یوم النحر والصلوة فی الأوقات المکروهة وبیع الدرهم بالدرهمین۔**۱۱؎

''نہی کی دو قسمیں ہیں :ایک افعال حسیہ سے نہی، جیسے زنا،شراب نوشی، جھوٹ اور ظلم۔ دوم تصرفات شرعیہ سے نہی، جیسے یوم نحرم میں روزے سے نہی، اوقات مکروہ میں نماز سے نہی اور ایک درہم کو دو درہم کے عوض بیچنے کی نہی۔''

نورالانوار میں بھی یہی تقسیم بیان ہوئی ہے۔ شارح نورالانوار افعال حسیہ کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''افعال حسیہ سے مراد یہ ہے کہ ان افعال کے معانی، ورود شرع سے پہلے ہی سے ہوں اور ہنوز اپنے حال پر باقی ہوں۔شریعت کی وجہ سے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان میں کوئی تغیر پیدا نہ ہوا ہو، جیسے قتل ، زنا اور شراب نوشی وغیرہ۔''۱۲؎

ابن حبیب الحلبی نے بھی انہی دو اقسام کا تذکرہ کیا ہے:

**النهی عن الأفعال الحسیة من الأول وعن الشرعیة من الثانی۔**۱۳؎

نہی کی دو قسمیں ہیں: ایک افعال حسیہ سے نہی اور دوسری افعال شرعیہ سے نہی۔

## نہی اور صفتِ قبح

نہی میں صفت قبح کبھی عین میں پائی جاتی ہے اور کبھی معنی غیرہ میں۔ اس کی وضاحت درج ذیل ہے:

**النهی ینقسم فی صفة القبح کالأمر فی الحسن الأول ماقبح لمعنی فی عینه وضعاً او شرعاً والثانی ماقبح لمعنی فی غیره وصفاً ومجاوراً۔**۱۴؎

''نہی میں قبح کی صفت پائی جاتی ہے، جس طرح امر میں حسن کی صفت پائی جاتی ہے: پہلا یعنی عین میں قبح پایا جانا۔ یہ یا تو وضعی ہوتا ہے یا شرعی۔ دوسرا معنی فی غیرہ میں قبح کا پایا جانا۔ یہ یا تو وصفتاً ہوتا ہے یا مجاوراً۔''

اس عبارت کا مقصد یہ ہے کہ شارع جس چیز سے منع کرتا ہے، اس میں قبح یا تو عین میں موجود ہوگا یا معنی میں۔ اگر قبح عین میں موجود ہو تو اس کی دو اقسام ہیں: اول وضعی اور دوسری شرعی۔

وضعی کی مثال کفر ہے، یعنی کفر میں قبح کی صفت وضعاً پائی جاتی ہے، اسی لیے کافر کو جب کافر کہا جائے تو وہ چیخ اٹھتا ہے اور جدید متجددین کافر کے بجائے غیر مسلم کا لفظ استعمال کرتے ہیں، تاکہ ان کی طبیعت پر گراں نہ گزرے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شرعی کی مثال محدث (حدث کا شکار ہونے والے) کی نماز ہے، یعنی اس میں وضعاً قباحت نہیں، مگر شرعاً قباحت موجود ہے۔اس میں اہلیتِ ادا متاثر ہوتی ہے۔

'قبح لمعنی فی غیرہ' کی دو اقسام صفتاً اور مجاوراً بیان کی گئی ہیں۔ ان کی وضاحت درج ذیل ہے:

صفتاً کی مثال یوم النحر میں روزہ رکھنا ہے۔روزہ رکھنا اپنی ذات میں اچھا فعل ہے، لیکن عید والے دن روزہ رکھنا منع ہے۔اگر کوئی رکھ لے تو روزہ نہیں ہوگا۔

مجاوراً کی مثال یہ ہے کہ جمعہ کے دن اذانِ جمعہ کے وقت اور اس کے بعد بیع سے روکا گیا ہے اور سعی للجمعۃ کی ترغیب دی گئی ہے، البتہ نماز جمعہ کے بعد بیع میں مشغول ہوجانے کی اجازت ہے۔لہٰذا بیع اپنی ذات میں منع نہیں، لیکن مجاوراً منع ہے۔

نورالانوار کے مصنف لکھتے ہیں:

**انہ یقتضی صفۃ القبح للمنہی عنہ۔** ۱۵؎

نہی منہی عنہ کے لیے صفت قبح کا تقاضا کرتی ہے۔

نورالانوار میں بھی نہی کی یہی تقسیم کی گئی ہے۔غرض یہ کہ فقہاء اور متکلمین کے نزدیک اس بات پر اتفاق ہے کہ شارع نے کسی فعل سے اس لیے منع کیا ہے کہ وہ فعل قبیح ہے، یعنی جو قبح نفس الامر میں موجود ہوتا ہے، شارع نہی کے ذریعہ اس کو ظاہر کردیتا ہے۔

## نہی فساد کا تقاضا کرتا ہے۔

نہی میں صفت قبح موجود ہوتی ہے۔ اس میں فقہاء اور متکلمین کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔یہی وجہ ہے کہ نہی فساد کا تقاضا کرتا ہے۔

امام الحرمینؒ لکھتے ہیں:

**النھی استدعاء الترک بالقول ممن ھو دونہ علی سبیل الوجوب، ویدل علی فساد المنھی عنہ۔** ۱۶؎

نہی اپنے سے کم تر کو علی سبیل الوجوب ترک کرنے کا حکم دینا ہے اور یہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



منہی عنہ کے فساد پر دلالت کرتا ہے۔

نورالانوار کے مصنف ؒ لکھتے ہیں:

**انه یقتضی صفة القبح للمنهی عنه ضرورة حکمة الناهی، والحکیم انما ینهی عن الفحشاء والمنکر۔** ۱۷؎

نہی، منہی عنہ کے لیے صفتِ قبح کا تقاضا کرتی ہے، اس لیے کہ نہی کرنے والے کی حکمت بدیہی ہے اور حکیم بے حیائی اور بری باتوں سے روکتا ہے۔

علامہ جصاص ؒ لکھتے ہیں:

**هذا مذهب السلف وفقهاء الأمصار، لانعلم أن احدًا منهم قال: ان النهی لایدل علی فساد۔** ۱۸؎

یہ سلف کا مذہب ہے اور فقہاء امصار کا بھی۔ ہم نہیں جانتے کہ ان میں سے کسی نے کہا ہو کہ نہی فساد پر دلالت نہیں کرتا۔

ابواسحاق الشیر ازی: فرماتے ہیں:

**النهی یدل علی فساد المنهی عنه۔** ۱۹؎

نہی، منہی عنہ کے فساد پر دلالت کرتا ہے۔

جس چیز سے روکا گیا ہے اگر اس کے اندر فساد نہ ہو تو شارع اس سے کیوں منع کرے گا؟ لہٰذا اس امر پر اتفاق ہے کہ نہی، منہی عنہ کے فساد پر دلیل ہے۔

## خلاصۂ بحث

نہی اور اس سے متعلق مباحث کو درج ذیل نکات کی صورت میں بیان کیا جا سکتا ہے:

☆ لغت میں نہی کے معنی منع کرنے اور روکنے کے ہیں۔

☆ علماء اصول کی اصطلاح میں نہی کے معنی اپنے آپ کو بڑا سمجھ کر دوسرے کو 'لاتفعل' کہنا ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


☆ ’لاتفعل‘ سے واحد مذکر حاضر کا صیغہ مراد نہیں ہے، بلکہ ہر وہ صیغہ مراد ہوتا ہے جو ’کف‘ (ممانعت) پر دلالت کرے۔صیغۂ امر کی طرح صیغۂ نہی بھی خاص ہے، کیوں کہ صیغۂ نہی ایسا لفظ ہے جو معنی معلوم یعنی تحریم کے لیے وضع کیا گیا ہو۔

☆فعل امر کی طرح فعل نہی کا استعمال بھی ایک سے زائد معنوں میں ہوتا ہے، مثلاً تحریم کے لیے، نصیحت کے لیے، شفقت کے اظہار کے لیے، کراہت کے لیے اور انجام وغیرہ کے بیان کے لیے۔

☆ نہی کے حقیقی استعمال کے ضمن میں علمائے اصول کے درمیان اختلاف ہے۔بعض کے نزدیک نہی کراہت میں حقیقت ہے اور بعض کے نزدیک کراہت اور تحریم میں مشترک ہے، لیکن جمہور فقہاء کے نزدیک ’نہی‘ کا استعمال تحریم میں حقیقت ہے۔

☆ نہی کی دو اقسام بیان کی گئی ہیں: افعال حسیہ میں نہی اور تصرفات شرعیہ میں نہی۔اس میں علماء کا کوئی اختلاف نہیں۔

☆ نہی میں صفتِ قبح موجود ہوتی ہے۔اس میں بھی فقہاء اور متکلمین کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے۔

☆جس چیز سے روکا گیا ہے، اگر اس کے اندر فساد نہ ہو تو شارع اس سے کیوں منع کرے گا؟ لہٰذا اس امر پر اتفاق ہے کہ نہی، منہی عنہ کے فساد پر دلیل ہے۔

## حواشی ومراجع


۱۔ بخاری، عبدالعزیز بن احمد، کشف الاسرار عن اصول فخر الاسلام البزدوی، دارالکتب العلمیۃ بیروت، ۱۹۹۷، ج ۱، ص ۳۷۶۔

۲۔ حوالہ سابق

۳۔ سرخسی، محمد بن احمد، اصول السرخسی، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۹۹۳ء، ج ۱، ص ۹۵۔

۴۔ قرافی، شہاب الدین، تنقیح الفصول، دار الفکر، عمان، ۲۰۰۸ئ، ص ۴۳۔

۵۔ غزالی، محمد بن احمد، ابوحامد، المستصفی فی الاصول ، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۹۹۳ئ، ص ۲۰۲۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




۶۔ کشف الاسرار، ج ۱، ص ۴۷۴ ۷۔ حوالہ سابق

۸۔ اصول الشاشی، ص ۱۶۵

۹۔ ملا جیون، نورالانوار شرح رسالۃ المنار، مکتبۃ البشریٰ، کراچی، ۲۰۰۸ئ، ج ۱، ص ۱۷۵ تا ۱۸۰۔

۱۰۔ تنقیح الفصول فی الاصول، ص ۴۶۔ ۱۱۔ اصول الشاشی، ص ۱۶۵۔

۱۲۔ سکروڈوی، جمیل احمد، مولانا، قوت الاخیار شرح اردو نور الانوار، المیز ان، لاہور، ۲۰۰۴ئ، ج ۱، ص ۳۲۵۔

۱۳۔ الحلبی، ابن حبیب، مختصر المنار، دار صادر، بیروت، ۲۰۰۶ء، ص ۷

۱۴۔ حوالہ سابق ۱۵۔ نورالانوار، ج ۱، ص ۱۷۵ تا ۱۸۰

۱۶۔ الجوینی، امام الحرمین، الورقات فی اصول الفقہ، مکتبۃ الوداعی، صنعائ، ۲۰۱۰ئ، ص ۳۰

۱۷۔ نورالانوار، ج ۱، ص ۱۷۶ تا ۱۸۱

۱۸۔ الجصاص، احمد بن علی الرازی، الفصول فی الاصول، وزارۃ الاوقاف والشیون الاسلامیۃ، الکویت، ج ۲، ص ۱۷۶

۱۹۔ الشیرازی، ابواسحاق ابراہیم بن علی، اللمع فی اصول الفقہ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۹۸۵ء، ص ۱۲۔



# توحید اور قیامِ عدل

## مولانا محمد جرجیس کریمی

توحید کا عقیدہ اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ایک ہے، جس پر ایمان لانے سے انسانی زندگی میں نظم، توازن اور اعتدال پیدا ہوتا ہے اور اس پر ایمان نہ لانے سے وہ بد نظمی، بے اعتدالی اور فساد کا شکار ہو جاتی ہے۔

پیش نظر کتاب چار مباحث پر مشتمل ہے، جن میں عقیدۂ توحید کی وضاحت کی گئی ہے، انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اعتدال و توازن کے اثرات بیان کیے گئے ہیں، نیز عقیدہ توحید سے محرومی اور شرک والحاد میں آلودگی کے نقصانات اور افکار و خیالات پر پڑنے والے اثرات کا عالمانہ جائزہ شامل ہے۔

صفحات: ۹۲ قیمت: ۵۰




© rasailojaraid.com